Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 — بدھ، 14 اگست 2024ء، 8 صفر المظفر 1446ھ — قیمت 10 روپے — شمارہ 136

ہیرو کی پذیرائی، وزیراعلیٰ مریم نواز اولمپیئن ارشد ندیم کے گھر پہنچ گئیں

وزیراعلیٰ مریم نواز نے اولمپیئن ارشد ندیم کو 10 کروڑ روپے کا چیک اور ہنڈا سوک کار "پی اے کے 92.97" کی چابی پیش کی، اہل خانہ کا پرخلوص استقبال

وزیراعلیٰ مریم نواز نے ارشد ندیم کی والدہ رضیہ پروین کو گلے لگایا، مبارکباد دی، ساتھ بٹھایا، کافی دیر باتیں کیں، گھر کے اندر خود جا کر ارشد ندیم کے اہلخانہ سے ملاقات اہلخانہ کیساتھ تصاویر اور سیلفیاں بنوائیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کو مبارکباد دے رہی ہیں

لاہور (این این آئی) "ہیرو کی پذیرائی" کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خود میاں چنوں کے نواحی گاؤں میں اولمپیئن ارشد ندیم کے گھر پہنچ گئیں۔ 101 پندرہ ایل میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی آمد پر اولمپیئن ارشد ندیم اور اہل خانہ نے پرخلوص استقبال کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ارشد ندیم کی والدہ رضیہ پروین کو گلے لگایا اور مبارکباد پیش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ارشد ندیم کی (بقیہ نمبر 24)

126 ممالک کے شہریوں کیلئے ویزا فیس ختم کردی

دیگر ممالک کیلئے بھی ویزا پالیسی نرم کررہے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ

ارشد ندیم کی زندگی لاکھوں نوجوانوں کیلئے مشعل راہ، کامیابی نے یوم آزادی کی خوشیاں دوبالا کردیں

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ارشد ندیم کی زندگی لاکھوں نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، کامیابی نے یوم آزادی کی خوشیوں کو دوبالا کردیا ہے، 126 ممالک کے شہریوں کیلئے ویزا فیس ختم کردی ہے، دیگر ممالک کیلئے بھی (بقیہ نمبر 25)

بی ایل اے میں پھوٹ پڑ گئی، مطلوب دہشتگرد شمبین اپنے ہی ساتھی کے ہاتھوں ہلاک

بھارتی فنڈنگ سے قائم دہشت گرد گروہ بلوچستان لبریشن فرنٹ میں فنڈنگ اور اختیارات کی جنگ شدت اختیار کرگئی

کوئٹہ (انٹرنیوز) بی ایل اے کا مطلوب دہشت گرد سرغنہ شمبین عرف شہک اپنے ہی ساتھی کے ہاتھوں ہلاک ہوگیا۔ اطلاعات کے مطابق بھارتی فنڈنگ سے قائم دہشت گرد گروہ بلوچستان لبریشن فرنٹ میں فنڈنگ اور اختیارات (بقیہ نمبر 28)

گندم خریداری کرپشن کیس، سابق جی ایم پاسکو ظہور رانجھا گرفتار

سابق جی ایم پاسکو کو ایم ڈی پاسکو کی گندم خریداری پالیسی تبدیل کرنے پر گرفتار کیا گیا، ترجمان ایف آئی اے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاسکو گندم خریداری کرپشن کیس میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، ایف آئی اے نے سابق جی ایم پاسکو ظہور احمد رانجھا کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق سابق جی ایم پاسکو کو ایم ڈی (بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ مریم نواز سے وفاقی وزیر عبدالعلیم کی ملاقات

وفاقی وزیر کی فیلڈ ہسپتال، کلینک آن ویلز اور پہلی ایئر ایمبولینس کی لانچنگ پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے وفاقی وزیر برائے نجکاری، سرمایہ کاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، ملکی معاشی، سیاسی صورتحال (بقیہ نمبر 26)



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کی والدہ سے محو گفتگو ہیں

زراعت اور انڈسٹری کو بڑھانے کیلئے لاگت میں کمی کے بغیر مارکیٹ میں قدم جمانا ممکن نہیں، شہباز شریف

غلطیوں کو سدھارے بغیر قوم ترقی نہیں کر سکتی

درست فیصلوں سے قوم میں امید پیدا ہوگی، تبدیل کئے گئے ایف بی آر افسران پر توجہ نہ دی جاتی تو وہ دوسری پوسٹوں پر آ جاتے، مستحکم پاکستان کیلئے مل کر کام کرنے سے ضرور مشکلات سے باہر نکلیں گے، وزیراعظم کا وفاقی کابینہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (انٹرنیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ زراعت اور انڈسٹری کو بڑھانے کیلئے لاگت میں کمی کے بغیر مارکیٹ میں قدم جمانا ممکن نہیں، غلطیوں کو سدھارے بغیر قوم ترقی نہیں کرسکتی، ماضی میں ضائع ہونیوالے وقت سے سبق حاصل کر کے محنت کرنے پر ہی اللہ کامیابی سے ہمکنار کرائے گا، درست فیصلوں سے قوم میں امید پیدا ہوگی، تبدیل کئے گئے ایف بی آر افسران پر توجہ نہ دی جاتی تو وہ دوسری پوسٹوں پر آ جاتے، مستحکم (بقیہ نمبر 31)

وفاقی پولیس کا یوم آزادی کے موقع پر خصوصی سکیورٹی و ٹریفک پلان تشکیل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے یوم آزادی کے موقع پر سکیورٹی کو مزید موثر بناتے ہوئے خصوصی سکیورٹی اور ٹریفک پلان تشکیل دے دیا ہے، یوم آزادی (بقیہ نمبر 30)

ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید میر غلام مصطفیٰ شاہ نے یوم آزادی پر پیغام

پوری قوم اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو مبارکباد پیش کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید میر غلام مصطفیٰ شاہ نے یوم آزادی کے موقع پر جاری پیغام میں اہل وطن اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو دلی مبارکباد پیش کی۔ ڈپٹی اسپیکر نے یوم آزادی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ دن ہمیں ان (بقیہ نمبر 29)

یوم آزادی میں ایک روز باقی، ہر طرف سبز ہلالی پرچموں کی بہار

پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد سمیت ملک بھر کی اہم سرکاری عمارتوں کو رنگ برنگی لائٹوں سے سجا دیا گیا

بڑوں کے ساتھ ساتھ بچوں کا جم غفیر بھی بازاروں میں امڈ آیا' بازاروں میں پرچم بھی سج گئے

اسلام آباد، لاہور (محمد فیصل ندیم سے) یوم آزادی میں ایک روز باقی ہے، پورا پاکستان آزادی کے رنگ میں رنگ گیا، ہر طرف سبز ہلالی پرچموں کی بہار آ گئی۔ 14 اگست پاکستان کی آزادی کا دن ہے، یوم آزادی کے موقع پر ہر کسی کی خواہش ہوتی ہے کہ اس دن کو بھرپور جوش و جذبے کیساتھ منایا جائے اسی لئے محب وطن شہری تیاریوں میں مصروف ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد سمیت ملک بھر (بقیہ نمبر 39)

وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی ڈاکٹر محمود ایاز و دیگر جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کا 14 اگست کے حوالے سے پیغام

میں تمام پاکستانیوں کو 77 ویں یوم آزادی نے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی

یہ دن ہمارے آباؤ اجداد کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ آج کا دن اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کے رہنما اصولوں کے لیے ہمارے عزم کی تجدید کا موقع ہے

آج ہم اپنی تاریخ کے ایک دوراہے پر کھڑے ہیں جہاں ہمیں متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے جو ہمارے اجتماعی عزم کا تقاضا کرتے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ کا 14 اگست کے حوالے سے پیغام۔ میں تمام پاکستانیوں کو 77 ویں یوم آزادی نے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ دن ہمارے آباؤ اجداد کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ آج کا دن اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کے رہنما اصولوں کے لیے ہمارے عزم کی تجدید کا موقع ہے۔ آج ہم اپنی تاریخ کے ایک دوراہے پر کھڑے ہیں جہاں ہمیں متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے جو ہمارے اجتماعی عزم کا تقاضا کرتے ہیں۔ ہمیں اس غربت کا خاتمہ، جامع ترقی اور سماجی واقتصادی مساوات کو یقینی بنانا ہمارا فرض ہے۔ بات کو یقینی بنانا ہے کہ معاشی ترقی کے ثمرات کو مساوی طور پر تقسیم کیا جائے، تاکہ ہر پاکستانی کو عزت اور احترام کی زندگی گزارنے کا موقع ملے۔ ہمیں ایسی ٹھوس پالیسیوں کو مرتب کیا جائے جو شمولیت اور پائیدار ترقی کو فروغ اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہمارے (بقیہ نمبر 32)

14 سے 18 اگست تک مون سون بارشوں کا سلسلہ متوقع

لینڈ سلائیڈنگ اور ندی نالوں میں طغیانی کا خطرہ، ایڈوائزری جاری

اسلام آباد (این این آئی) این ڈی ایم اے کے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) نے 14 تا 18 اگست 2024 کے دوران پاکستان کے مختلف علاقوں (بقیہ نمبر 46)

ایم این اے طاہرہ اورنگزیب کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

دورے کے دوران انہوں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے علامہ اقبال پارک اور حیدری چوک میں قائم سستے بازار کا معائنہ کیا

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا سستے ماڈل بازار کے قیام کا عمل اقدام قابل تحسین ہے، طاہرہ اورنگزیب

اشیاء ضروریہ کے معیار اور مقرر کردہ نرخوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کا ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ دورے کے دوران انہوں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے علامہ اقبال پارک اور حیدری چوک میں قائم سستے بازار کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا سستے ماڈل بازار کے قیام کا عمل اقدام قابل تحسین ہے۔ طاہرہ اورنگزیب شہریوں کو ریلیف فراہم کرنا ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ طاہرہ اورنگزیب سستے بازار قائم کرنے کا بنیادی مقصد (بقیہ نمبر 40)

صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین پنجاب فوڈ اتھارٹی ہیڈ کوارٹر میں پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کر رہے ہیں

ملکہ کوہسار میں بہترین سکیورٹی و ٹریفک انتظامات یقینی بنائے گئے ہیں، بینش فاطمہ

راولپنڈی (این این آئی) جشن آزادی کے موقع پر ملکہ کوہسار مری میں سکیورٹی و ٹریفک پلان کے حوالے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی بینش فاطمہ نے شہریوں کیلئے اہم پیغام میں کہا ہے کہ سٹی و ٹریفک پولیس راولپنڈی کی جانب سے ملکہ کوہسار میں بہترین سکیورٹی و ٹریفک انتظامات یقینی بنائے گئے ہیں، مری میں 750 سے زائد افسران سکیورٹی ڈیوٹیز اور (بقیہ نمبر 33)

راولپنڈی، صدر بینک روڈ پر سٹال ہولڈر جشن آزادی کے حوالے سے مختلف اشیاء فروخت کر رہا ہے

اسلام آباد جشن آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں خصوصی ٹریفک پلان جاری

55 سے زائد ناکہ جات لگا کر خصوصی سکواڈز بھی تشکیل دیئے گئے جو 13 اور 14 اگست کو شہر میں ٹریفک کی روانی کو یقینی بنائیں گے

13 اور 14 اگست پر ون ویلنگ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف بھی سختی سے نمٹنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

اسلام آباد میں داخل ہونے والے رکشوں کے خلاف سختی سے کریک ڈاؤن کیا جائے گا، سی ٹی او محمد سرفراز ورک

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے جشن آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں خصوصی ٹریفک پلان جاری کر دیا، 585 پولیس افسران سپیشل ڈیوٹی پر تعینات 55 سے زائد ناکہ جات لگا کر خصوصی سکواڈز بھی تشکیل دیئے گئے جو 13 اور 14 اگست کو شہر میں ٹریفک کی روانی کو یقینی بنائیں گے، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے موٹر سائیکل سواروں دگاڑیوں اور غیر قانونی طور پر اسلام آباد میں داخل ہونے والے رکشوں کے خلاف سختی سے کریک ڈاؤن کیا جائے گا، سی ٹی او محمد سرفراز ورک تفصیلات کے (بقیہ نمبر 34)

سرکاری خواتین اساتذہ کیلئے ہفتے میں دو چھٹیوں کا اعلان

عام دنوں میں وہ 3 بجے کی بجائے اڑھائی بجے چھٹی کریں گی

لاہور (انٹرنیوز) پنجاب حکومت نے سرکاری خواتین اساتذہ کیلئے ہفتے میں دو چھٹیوں کا اعلان کرتے ہوئے چھٹی کے اوقات کار بھی تبدیل کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے سرکاری خواتین اساتذہ کی مشکلات مد نظر رکھ کر (بقیہ نمبر 41)

سائبر حملوں کا خطرہ، نیشنل سرٹ ایڈوائزری جاری

وفاقی حکومت نے تمام اداروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی حکومت نے سائبر حملوں کے خطرے کے پیش نظر نیشنل سرٹ ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے تمام اداروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق قومی کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم کی جانب سے ایس (بقیہ نمبر 42)

جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

آئین پاکستان پر عملدرآمد کی پابندی تمام سٹیک ہولڈرز کو کرنا ہوگی' لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی وصدر مجلس قائمہ قومی سیاسی امور لیاقت بلوچ نے یوم آزادی کے موقع پر کہا ہے کہ 14 اگست یوم آزادی تشکر، اجتماعی محاسبہ، اللہ تعالیٰ سے رجوع کر کے ملک وملت کی ترقی اور استحکام کے لیے پوری قوم کو تجدید عہد کرنا (بقیہ نمبر 35)

چکوال، غیرت کے نام پر بیوی کو قتل کرنیوالے قاتل، سہولت کار گرفتار

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن ریٹائرڈ واحد محمود کے فوری نوٹس پر غیرت کے نام پر بیوی کو قتل کرنے والے قاتل اور سہولت کار کو گرفتار کرلیا گیا۔ 27 جولائی 2024ء کو خاتون (پ) کو قتل کر کے اسکی نعش کو ڈیم میں پھینک دیا گیا تھا۔ پولیس کو واقع کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او (بقیہ نمبر 36)

ملتان ڈویژن میں سیوریج اور صفائی کی شکایات کو فوری حل کرنے کا حکم

سرکاری نرخ سے زیادہ وصول کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کی جائے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت ملتان ائرپورٹ پر خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں ملتان ڈویژن میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو ملتان ڈویژن میں جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹس، سی ایم اینیشیٹیوز اور امن امان کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف (بقیہ نمبر 37)

امام مسجد نبوی ڈاکٹر صلاح محمد البدیر کا مرکزی جمعیت اہلحدیث کے ہیڈ کوارٹر آمد پر پروفیسر ساجد میر استقبال کر رہے ہیں

اہل وطن کو آزادی کی 77 ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش

پاکستان کے حصول کا مقصد اسلامی اقدار اور روایات پر مبنی جمہوری معاشرے کا قیام تھا، اسپیکر قومی اسمبلی

پاکستان بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح اور اسلاف کی لازوال قربانیوں اور جدوجہد کی بدولت حاصل ہوا، سردار ایاز صادق

اسپیکر کا آزادی کے حصول کی خاطر بانیان پاکستان اور اسلاف کی دی جانے والی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی پر پیغام

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر پوری پاکستانی قوم بشمول بیرون ملک پاکستانیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے اور اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہے کہ اس نے ہمیں اس عظیم نعمت کبریٰ سے نوازا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح، مفکر پاکستان علامہ محمد اقبال سمیت دیگر (بقیہ نمبر 38)

پنجاب حکومت نے 15 اعلیٰ افسران کے تقرر وتبادلے کردیئے، نوٹیفکیشن جاری

ثاقب علی عقیل سیکرٹری لائیوسٹاک، محمد مسعود انور چیف آف سیکشن پی اینڈ ڈی تعینات

لاہور (انٹرنیوز) پنجاب حکومت نے 15 اعلیٰ افسران کے تقرر وتبادلوں کے احکامات جاری کردیئے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت نے 15 اعلیٰ افسران کے تقرر وتبادلوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ محکمہ ایس اینڈ (بقیہ نمبر 543)

ڈکیتی معہ قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم پکڑا گیا

اشتہاری مجرم نے واردات کے دوران فائرنگ کرکے شہری شہزاد کو قتل کردیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی معہ قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی معہ قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم صدام (بقیہ نمبر 44)

یوم آزادی پاکستان کے پُرمسرت موقع پر میں تمام اہلیان پاکستان کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

بلاشبہ 14 اگست ہماری قوم کی ہمت، جرأت اور عزمِ صمیم کی علامت ہے۔ یہ اہم دن ہماری تاریخ میں خاص اہمیت کا حامل ہے جب فقید المثال جدوجہد آزادی ایک علیحدہ ریاست کے حصول پر منتج ہوئی۔ درحقیقت پاکستان کا قیام قائداعظم محمد علی جناح کے غیر متزلزل ارادے اور پختہ عزم کے ساتھ ساتھ مسلمانانِ برصغیر کا قائد کی ولولہ انگیز قیادت میں متحد ہونے کا مظہر ہے۔ یوم آزادی کے موقع پر ہم اپنے آباؤ اجداد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جن کی جدوجہد اور بے مثال قربانیوں کی بدولت ہمیں انمول تحفۂ آزادی نصیب ہوا۔

میرے عزیز ہم وطنو! یقیناً یوم آزادی ہمیں ملک کی موجودہ ترقی، درپیش چیلنجز اور مستقبل میں کامیابیوں کی نئی رفعتوں کے حصول پر غور کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ مزید براں، یہ دن ہمارے لیے ایمان، اتحاد اور تنظیم کے سنہری اصولوں پر کاربند رہ کر تعمیر وطن کا اعادہ کرنے کا سبب بھی ہے۔ اس موقع پر میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پاک فضائیہ ملک کی فضائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ یہ امر باعثِ مسرت ہے کہ حال ہی میں پاک فضائیہ قائد کے خود انحصاری کے تصور پر گامزن ہو کر جدت اور مقامیت پروری کے ذریعے ایک جدید، باکفایت اور پیشہ ورانہ قوت بن کر ابھری ہے۔ خوشی کے اس موقع پر ہم اس عزم کا بھی اعادہ کرتے ہیں کہ ہمیشہ اپنے کشمیری بھائیوں کی آزادی اور حق خود ارادیت کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں استقامت اور رہنمائی عطا فرمائے تاکہ ہم اپنے مادرِ وطن کی حفاظت پاک فضائیہ پر قوم کے اعتماد اور فخر کے شایانِ شان طور پر کرسکیں (آمین)۔

پاک فضائیہ زندہ باد
پاکستان پائندہ باد

ائیر چیف مارشل
ظہیر احمد بابر سدھو، نشانِ امتیاز (ملٹری)
چیف آف دی ائیر سٹاف، پاکستان ائیر فورس

پاکستان ائیر فورس
قوم کا سرمایۂ افتخار

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar

اشاعت خاص





14 اگست
یومِ تشکر اور تجدید عہد کا دن

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر یوم آزادی پر تقریبات کا انعقاد

پاکستان دنیا کا عظیم ملک اور پاکستانی دنیا کی عظیم ترین قوم

پنجاب کے دارالحکومت میں یوم آزادی کی تقریبات کو شایان شان طریقہ سے منایا جائے گا

وزیراعلیٰ پنجاب صوبہ کو ترقی یافتہ بنانے اور محرومیوں سے نکالنے کے مشن پر گامزن

آتشبازی، ملی نغموں پر مشتمل میوزیکل پروگرامز، سرکس پروگرامز جشن آزادی کی تقریبات کا خاص حصہ ہونگی

وزیراعلیٰ پنجاب
مریم نواز شریف



تحریر۔۔ناظم الدین

یوم آزادی پاکستان یا یوم استقلال ہر سال 14 اگست کو پاکستان میں آزادی کے دن کی مناسبت سے منایا جاتا ہے۔ یہ وہ دن ہے جب پاکستان 1947ء میں برطانیہ کے تسلط سے آزاد ہو کر معرض وجود میں آیا۔ 14 اگست کا دن پاکستان میں سرکاری سطح پر قومی تہوار کے طور پر بڑے دھوم دھام سے منایا جاتا ہے پاکستانی عوام اس روز اپنا قومی پرچم فضاء میں بلند کرتے ہوئے اپنے قومی محسنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ملک بھر کی اہم سرکاری عمارات پر چراغاں کیا جاتا ہے۔ اسلام آباد جو پاکستان کا دارالحکومت سمیت تمام صوبوں کے دارالحکومتوں کو خاص طور پر سجایا جاتا ہے جو کسی جشن کا سماں پیدا کر رہے ہوتے ہیں۔

اور یہی ایک قومی حیثیت کی حامل تقریب میں صدر، وزیراعظم، گورنرز اور وزرائے اعلیٰ قومی پرچم بلند کرتے ہوئے اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ ہم اس پرچم کی طرح اس وطن عزیز کو بھی عروج و ترقی کی بلندیوں تک پہنچائیں گے۔ بلکہ پورے ملک میں سرکاری اور نیم سرکاری عمارات پر بھی سبز ہلالی پرچم پوری آب وتاب سے بلندی کا نظارہ پیش کر رہا ہوتا ہے۔ یوم استقلال کے روز ریڈیو اور ٹیلی ویژن پہ براہ راست صدر اور وزیراعظم کی تقاریر کو نشر کیا جاتا ہے اور اس عہد کی تجدید کی جاتی ہے کہ ہم سب نے مل کر اس وطن عزیز کو ترقی، خوشحالی اور کامیابیوں کی بلند سطح پہ لے جانا ہے۔

سرکاری طور پر یوم آزادی انتہائی شاندار طریقے سے مناتے ہوئے اعلی عہدہ دار اپنی حکومت کی کامیابیوں اور بہترین حکمت عملیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے اپنے عوام سے یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم اپنے تن من دھن کی بازی لگا کر بھی اس وطن عزیز کو ترقی کی راہ پر گامزن رکھیں گے اور ہمیشہ اپنے عظیم رہنما اور نجات دہندہ قائداعظم محمد علی جناح کے قول ''ایمان، اتحاد اور تنظیم'' کی پاسداری کریں گے.

یوں دی ہمیں آزادی کہ دنیا ہوئی حیران
اے قائداعظم تیرا احسان ہے احسان

کراچی جہاں بابائے قوم کا مزار ہے وہاں حاضری دی جاتی ہے اور اس عہد کو دھرایا جاتا ہے کہ ہم اپنے وطن کی حفاظت کریں گے اور اسکی ترقی کے لیے ہمیشہ صدقِ دل سے کوشش کریں گے۔ حکومتِ پنجاب بھی جشن آزادی کی تقریبات کو جوش و خروش سے منانے میں کسی سے پیچھے نہیں رہے گی۔ ان تقریبات کو جوش وخروش سے منانے کے لئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے 77ویں یوم آزادی منانے کی تقریبات کے سلسلے میں تمام سرکاری و نیم سرکاری محکمہ کو پابند کیا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں سرکاری سطح پر یوم آزادی کی تقریبات منانے کے سلسلہ میں تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں 14 اگست سے قبل تمام سرکاری تعلیمی اداروں میں کوئز مقابلے، کھیلوں کے مقابلے اور دیگر ایونٹس کا انعقاد جاری ہے۔ پاکستان کا 77 واں یوم آزادی انتہائی شایان شان طریقہ سے منایا جائے گا۔ اس حوالے سے تمام مساجد کو خوبصورت برقی قمقموں اور روشنیوں سے منور کیا جائے گا۔ تمام سرکاری، نیم سرکاری اور پرائیویٹ اداروں کی عمارات کو روشنیوں سے منور کیا جائے گا۔ تمام مساجد میں یوم آزادی کی تقریب کا آغاز قرآن خوانی اور ملک وقوم کی تعمیر وترقی کے لئے دعاؤں سے کیا جائے گا۔ یوم آزادی دراصل یوم تشکر اور یوم تجدید عہد کا دن بھی ہے۔ ہمیں اچھے شہری اور اچھے پاکستانی بننا ہوگا اور اس کیلئے تمام تر قوانین کی پابندی کو شعار بنانا ہوگا۔



پنجاب کی ہردلعزیز شخصیت مریم نواز صوبہ کو حقیقی ترقیافتہ بنانے اورعوام کو ماضی کی محرومیوں سے آزاد کروانے کے مشن پر گامزن ہیں۔ انہوں نے قوم کو ایک واضح سوچ اور نصب العین دیا ہے۔ جس پر گامزن ہو کر ترقی و کامرانی کی منازل تیزی سے طے کی جا رہی ہیں۔ ہم سب اللہ تعالی کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی نے ہمیں پاکستان جیسی بے مثال دھرتی سے نوازا ہے۔ وطن عزیز 76ویں برس میں داخل ہو رہا ہے اور کروڑوں پاکستانی یوم تشکر منائیں گے، یہ دن اللہ تعالی کے حضور سجدہ ریز ہونے کا دن ہے۔ آزادی کی اس عظیم نعمت پہ ہم اللہ کے حضور جتنا بھی سجدہ شکر ادا کریں کم ہو گا۔ یوم آزادی پر ہم تحریک آزادی کے رہنماؤں، کارکنوں اور شہداء کو یاد کرتے ہیں، انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ جو پاک سر زمین کے لئے اپنا تن من دھن قربان کر کے تاریخ میں امر ہو گئے، انہوں نے گھروں کو جلتے اور اپنے پیاروں کو جان سے گزرتے ہوئے دیکھا مگر ثابت قدم رہے۔ ہم آگ اور خون کے دریا سے گزر کر پاک سرزمین پر پہنچ کر نمناک آنکھوں سے سجدہ شکر ہم یہاں وطن کے تحفظ کے لیے لڑی جانے والی جنگوں میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پاک فوج کے افسروں اور جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ہمیں اس دن ہزاروں شہیدوں اور زخمیوں کو نذرانہ عقیدت بھی پیش کرنا ہے

جنہوں نے دہشت گردی کے خلاف جہاد میں اپنے خون کا نذرانہ قوم کی نذر کیا۔ یہ یوم آزادی اس لحاظ سے بے حد اہمیت کا حامل ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے ظلم واستبداد انتہا کو پہنچ چکے ہیں اور جموں وکشمیر کی الگ حیثیت ختم کر کے مودی سرکار اپنی ہٹ دھرمی کا انمٹ ثبوت دے چکی ہے۔ ہم یوم آزادی کو اپنے مظلوم کشمیری بہن بھائیوں کی جدوجہد آزادی کی لازوال تحریک سے منسوب کریں گے کیونکہ کشمیر پاکستان کے بغیر اور پاکستان کشمیر کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتا۔ ہم قائداعظمؒ کے الفاظ کو دہراتے ہیں کہ ''کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے''۔ دنیا کی کوئی طاقت کشمیر کو پاکستان سے جدا نہیں کر سکتی۔ یہ یک جان دو قالب ہیں۔

اس امر میں کوئی شک نہیں کہ 14 اگست پاکستان کی تعمیر وترقی کے عہد کی تجدید کا بھی دن ہے پوری قوم وطن عزیز کی تعمیر وترقی اور عظمت و بلندی کے لئے متحد، متفق اور یکجا ہے۔ وطن کو عظیم تر بنانے کا عزم آج بھی جوان ہے۔ ہم یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیارے دیس کو عظیم سے عظیم تر بنانے کے عہد کی تجدید بھی کرتے ہیں۔ یوم آزادی قوم کے ہر فرد کے لئے یوم احتساب بھی ہے ہم میں سے ہر ایک جس مقام اور جس عہدے پر موجود ہے اسے خود احتسابی پر توجہ دینی چاہیے۔ اللہ تعالی نے ہمیں پاکستان جیسا بے مثال ملک دیا۔ ہمیں آزادی کی نعمت عطا کی، ذرا سوچیئے ہم نے پاکستان کے لئے کیا کیا، کیا ہم نے پاکستانی ہونے کا حق ادا کیا؟ کیا ہم نے آزادی کا حق ادا کیا؟ سوچنا تو ہوگا۔ پاکستان کے بغیر ہم کچھ بھی تو نہیں۔ مجھے اور آپ کو ہم سب کو جو مقام، جو عہدے، جو آزادی اور روزگار کے جو مواقع میسر ہیں۔ ان سب کی ایک ہی وجہ ہے پاکستان اور صرف پاکستان۔ پاکستان اور پاکستانی قوم کا مستقبل روشن اور تابناک ہے۔ بہت سی خوشیاں، بہت سی کامیابیاں اور بہت سے سکھ ہمارے منتظر ہیں۔ ہمارے علامہ اقبالؒ پہلے ہی اس دھرتی سے متعلق خوش گمانی کا اظہار کر چکے ہیں، وہ اپنی کشت ویراں سے نا امید نہیں تھے، اقبالؒ ہمارے پیر و مرشد ہیں، ہم بھی انہی کی طرح ہرگز ناامید نہیں۔ علامہ نے یوں ہی تو نہیں کہا تھا

نہیں اقبال ناامید اپنی کشتِ ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

پاکستان دنیا کا عظیم ملک ہے اور پاکستانی دنیا کی عظیم ترین قوم۔ دنیا پاکستانیوں کی قابلیت اور علم و ہنر کو مانتی ہے۔ ہمارے نوجوان، ہمارے ماہرین دنیا میں جہاں بھی جاتے ہیں کمال کر دکھاتے ہیں۔ جہاں کہیں ہمارے لوگوں کو موقع ملتا ہے خود کو منوانے میں کامیاب رہتے ہیں۔ اندھیروں کے خوگر کچھ بھی کہتے رہیں یہ حقیقت ہے کہ روشنی اپنا راستہ خود بناتی ہے۔ عظیم پاکستان کی عظیم قوم عظمت کے سفر کا آغاز کر چکی ہے۔ آیئے مل کر عہد کریں کہ ہم وطن کو عظیم سے عظیم تر بنائیں گے۔ ہر فرد دیانتداری کے ساتھ اپنا فرض ادا کرے گا

اور ریاست فرد کے حقوق کی حفاظت کرے گی۔ انشاء اللہ آنے والے کل میں ہماری جمہوریت پہلے سے مضبوط، ہماری معیشت مستحکم اور دفاع ناقابل تسخیر ہوگا۔

بقیہ 1

کے صدر ملک جاوید اقبال سابقہ صدر احمد نواز کھوکھر نے اسپائر کالج گوجرخان میں جشن آزادی کے سلسلہ میں منعقد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں سابقہ صدر بار ایسوسی ایشن گوجرخان امانت علی جنرل سیکرٹری پوٹوہار پریس کلب گوجرخان راجہ عمر لطیف، نائب صدر پوٹھوہار پریس کلب نصیر بھٹی،، نائب صدر پنجاب قمر شہزاد مغل،، سینئر صحافی ایم شفیق ناز، عاصم خان، الطاف حسین، نے خصوصی طور پر شرکت کی اس موقع پر پرنسپل اسپائر کالج پروفیسر حافظ محمد اویس قرنی اور وائس پرنسپل پروفیسر مصدق جاوید نے تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض پروفیسر ابرار پروفیسر فدا حسین نے سرانجام دیتے

بقیہ 2

اور انہیں وزارت داخلہ کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، کریمنلز مقدمات میں قانونی معاونت پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں پاکستانی پولیس افسران کی برطانیہ میں ٹریننگ کے امور، مؤثر بارڈر مینجمنٹ، غیرقانونی تارکین وطن کے سدباب کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ برطانوی وزیرداخلہ نے کہا کہ برطانیہ پاکستان کیساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے، پاکستان کیساتھ مختلف شعبوں میں تعاون جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے برطانیہ کے تعاون کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ خوشی ہوگی پاکستانی پولیس افسران باقاعدہ برطانیہ میں ٹریننگ حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے تشدد پر اکسانے والوں کیلئے کوئی معافی نہیں ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ غیرقانونی تارکین وطن سے نمٹنے کیلئے باہمی اشتراک کار بڑھانا ضروری ہے۔

بقیہ 3

بنا کر الگ محکمہ بنا دیا گیا ہے جبکہ طیاروں کے حادثات کی تحقیقات کیلئے بورڈ آف سیفٹی انویسٹی گیشن بھی قائم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ سول ایوی ایشن، ایئرپورٹس اتھارٹی، بورڈ آف سیفٹی انویسٹی گیشن کے قیام کے الگ الگ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیئے گئے ہیں۔ فلائٹ اسٹینڈرڈ، پائلٹ لائسنسنگ، ایروڈروم ایئراسپیس، ایئروردی نیس، ایئر ٹرانسپورٹ اور ایئرومیڈیکل بھی سول ایوی ایشن اتھارٹی کا حصہ ہونگے۔

بقیہ 4

ہوا ہے۔ اعلامیے کے مطابق سوئی نادرن کیلئے آر ایل این جی کی ڈسٹری بیوشن قیمت 14.0066 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو جبکہ سدرن کیلئے ڈسٹری بیوشن قیمت 13.5773 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ 5

ذرائع کے مطابق حکومت سرکاری و نجی شعبوں سے تعلق رکھنے والے گھریلو آئی پی پیز کو بند کرنے کا بھی سوچ رہی ہے تاہم آئی ایم ایف کی جانب سے ابھی تک پاور ریشنلائزیشن پلان کی توثیق نہیں کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق منصوبے کے تحت نان سی پیک آئی پی پیز کو مختلف آلات کے ذریعے صلاحیت چارجز کی ادائیگی کا ہدف بنایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق حکومت وفاقی سطح پر پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام اور صوبائی حکومتوں کے سالانہ ترقیاتی منصوبوں میں کمی کر کے خاطر خواہ مالیاتی جگہ حاصل کرنا چاہتی ہے۔

بقیہ 6

واقعے کیخلاف ورثاء نے احتجاج کرتے ہوئے ذمہ داران کیخلاف کارروائی کا مطالبہ کیا اور الزام عائد کیا کہ پولیس اہلکاروں نے بیٹے کی جیب سے ایک لاکھ روپے بھی نکال لئے۔ پولیس کے مطابق شہری سہراب کھٹیاں کو 8 دن قبل اغواء کیا گیا تھا، اغواء کاروں نے 25 لاکھ تاوان کا مطالبہ کیا تھا۔ ایس ایس پی نے کہا ہے کہ ایس ایچ او قابل بھٹو اور ہیڈ کانسٹیبل کو معطل کرکے واقعے کی تفتیش کی جارہی ہے۔

بقیہ 7

اطلاع ملتے ہی ریسکیو حکام نے جاں بحق افراد کی لاشیں ٹیچنگ ہسپتال لورالائی منتقل کردیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق ہونیوالوں کی شناخت اسدخان ولد نصرالدین، کلیم اللہ ولد حاجی فیض محمد اور محمد اسلم ولد عبدالجبار کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ 8

مسجد کیمپس میں جشن آزادی تقریبات بارے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ یوم آزادی برصغیر کے مسلمانوں کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے، 14 اگست 1947 کو پاکستان کا قیام ایک نظریے کی جیت تھی، قائدؒ اور اقبالؒ کا نظریہ آزادی کے سفر میں مشعل راہ بنا، قائدؒ کا خواب تھا کہ یہ ملک ایک کامیاب ریاست بن کر ابھرے۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد سوچا جارہا تھا یہ ملک بس چند سال تک ہی اپنا وجود قائم رکھ سکتا ہے لیکن آج پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ذہین اور جفاکش قوم ہیں، نا امیدی پھیلانے والے ناکام ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کا سفر ایک سائنس ہے،

بقیہ 9

ردعمل دیتے ہوئے مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا کہ لمبی لمبی پھینکنے میں وزیراعلیٰ پنجاب آج بھی پہلے نمبر پر ہیں۔ انہوں نے کہا مریم نواز حضرت عمر فاروقؓ کی طرز حکمرانی کے دعوے کرکے فارم 47 پر بنی جعلی حکومت کو مذہبی ٹچ دینے کی ناکام کوشش کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اصلی مینڈیٹ کی حکومت قائم کرکے پھر ایسے دعوے کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ چوری کے مینڈیٹ سے حکومت بنانے والوں کو شرم نہیں آتی، حضرت عمر فاروقؓ کا دور انصاف پر مبنی تھا جبکہ پنجاب میں ناانصافی کا بول بالا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شریف خاندان کے ہاتھ مظلوموں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں، ماڈل ٹاؤن میں حاملہ خواتین پر سیدھی سیدھی گولیاں چلائی گئی تھیں۔

بقیہ 10

بریفنگ دی گئی جس پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ضلع کے ہر علاقے میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی روزانہ چیکنگ ضروری ہے تاکہ کوئی دوکاندار شہریوں سے من مانے ریٹ وصول نہ کرسکے۔

بقیہ 11

آنچ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے تمام آئیسکو افسران وسٹاف کو پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپ گھروں کو، صنعتوں کو، ہسپتالوں کو روشن رکھنے اور ملک کی معیشت کا پہیہ رواں دواں رکھنے میں کلیدی کردار ادا کررہے ہیں، آپ اسی محنت، لگن سے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں سرانجام دیتے رہیں

بقیہ 12

ایکسپورٹرز عراق سے کھجوریں منگوا کر اس کی ویلیو ایڈیڈ مصنوعات تیار کرکے منظم انداز میں دنیا بھر کے ممالک کو برآمد کرتے ہوئے کثیر زرمبادلہ کمانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا گلوبل وارمنگ کے باعث خراب موسمی اثرات سے ملک میں کھجور کی فصل متاثر ہوئی ہے۔ پاکستان سے تیار کھجور جرمنی، امریکا، ترکی، آسٹریلیا اور دیگر ممالک میں ایکسپورٹ کی جاتی ہیں، جس کے بعد مذکورہ ممالک اس کی ویلیو ایڈیشن کرتے ہیں۔ مغربی ممالک میں کھجور کا سیرپ شہد اور دوسری دیگر انڈسٹری میں استعمال ہوتا ہے۔

بقیہ 13

ریکارڈ کی گئی ہے جو پیوستہ ہفتے کے مقابلہ میں 0.21 فیصد زائد ہے، زیرجائزہ عرصے کے دوران ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1497 روپے ریکارڈ کی گئی تھی، اسی طرح ملک کے جنوبی شہروں میں گزشتہ ہفتے کے دوران سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1381 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلہ میں 0.01 فیصد زائد ہے۔ اعدادوشمار کے مطابق گزشتہ ہفتے کے دوران اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1537، راولپنڈی 1513، گوجرانوالہ 1520، سیالکوٹ 1530، لاہور 1550، فیصل آباد 1460، سرگودھا 1450، ملتان 1457، بہاولپور 1480، پشاور 1500 اور بنوں میں اوسط ریٹیل قیمت 1500 روپے ریکارڈ کی گئی ہے۔ اسی طرح کراچی میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1338، حیدرآباد 1325، سکھر 1450 لاڑکانہ 1400، کوئٹہ 1430 اور خضدار میں 1343 روپے ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 14

ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ارشد ندیم کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ وزیراعظم نے واقعے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کی دعا اور متعلقہ حکام کو انہیں بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ واقعے میں ملوث افراد کی جلد نشاندہی کرکے انہیں قرار واقعی سزا دلوائی جائے، ضلعی انتظامیہ کے افسران خطرے کے باوجود اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر فرائض کی انجام دہی کرتے ہیں۔

بقیہ 15

نوجوانوں اور بچوں میں جشن آزادی کے حوالے سے بھرپور جوش وخروش پایا جارہا ہے۔ تحصیل انتظامیہ کے زیراہتمام جشن آزادی 14 اگست بروز بدھ کو میونسپل کمیٹی گوجرخان میں رنگا رنگ تقریب کے پروگرام کو ترتیب دے گیا جس میں صبح 9 بجے پرچم کشائی ہوگی جس میں سابق پارلیمانی سیکرٹری راجہ جاوید اخلاص، سابق ایم پی اے افتخار وارثی، سابق چیئرمین بلدیہ الحاج شاہد صراف، ثاقب بیگ، اسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور گورائیہ، سی ای او بلدیہ اظہر مجید، ایس ڈی پی او سلیم خٹک، سمیت تمام اداروں کے افسران، صحافی، وکلاء، تاجر برادری سمیت سول سوسائٹی اور دیگر مکاتب فکر کے افراد شرکت کریں گے جبکہ جشن آزادی کے حوالے سے تمام سرکاری عمارتوں پر لائٹنگ سے سجاوٹ کی گئی ہے جبکہ سکولز کالجز اور سول سوسائٹی کی جانب سے گزشتہ دو دن سے مختلف مقامات پر جشن آزادی کے حوالے سے تقاریب اور سیمینارز کا انعقاد کیا جارہا ہے جہاں ملی نغمے اور 14 اگست کی مناسبت سے بانی پاکستان سمیت آباؤاجداد کی لازوال قربانیوں کے متعلق خطاب کیے جارہے ہیں

بقیہ 16

دہشت گردوں کی تلاش کیلئے سرچ آپریشن جاری ہے دہشت گردوں کا قلع قمع اور امن کی بحالی کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 17

کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز اور ان کے سہولت کار قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 18

پولیس کے مطابق دھماکے سے سکول گیٹ کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔

بقیہ 19

نادرا سے صارفین کا ڈیٹا بھی حاصل کرلیا ہے، تین مراحل میں موبائل سمز کو بلاک کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں جعلی اور منسوخ ہونے والے شناختی کارڈز پر رجسٹرڈ سمز کو بلاک کیا جائے گا، دوسرے مرحلے میں ایکسپائر شناختی کارڈز پر رجسٹرڈ سمز کو بند کیا جائے گا، جبکہ تیسرے مرحلے میں انتقال شدہ افراد کے نام پر رجسٹرڈ سمز کو بلاک کیا جائے گا۔ اس ضمن میں پی ٹی اے کی جانب سے صارفین کو آگاہی پیغامات کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے، پی ٹی اے صارفین کو آگاہی کے لیے اخبارات میں اشتہارات بھی دے گا۔ پیغامات میں سمز کی فعالیت کو یقینی بنانے کے لیے صارفین کو قومی شناختی کارڈز نادرا سے اجرا کرانے پر زور دیا گیا ہے، سمز کو مرحلہ وار بلاک کرنے کا عمل 16 اگست سے شروع ہوگا۔ بلاک شدہ سمز دوبارہ بحال متعلقہ موبائل آپریٹرز کے سینٹرز پر بائیو میٹرک تصدیق سے ہوگی۔ پی ٹی اے حکام نے بتایا کہ موبائل سمز کا غیر قانونی استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔

بقیہ 20

کوئی طشت میں رکھ کر پیش نہیں کیا گیا، بلکہ یہ لاکھوں جانوں کی قربانی دے کر حاصل کیا گیا اور اس کو بنانے سنوارنے میں لوگوں نے اپنی پوری زندگیاں صرف کردیں بانی پاکستان نے اپنے رفقا کے ساتھ طویل جدوجہد کرتے ہوئے جو کبھی لڑائی لڑی جس کے ایک فریق قابض انگریز تھے تو دوسری جانب شاطر ہندو جب کہ ان کے درمیان اپنی ہی صفوں میں بیٹھے ہوئے کچھ غدار بھی تھے لیکن عزم مسلسل سے قائداعظم محمد علی جناح نے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن حاصل کیا افسوس وہ آزاد وطن کی فضا میں زیادہ عرصہ نہ رہ سکے اور صرف ایک سال بعد ہی وفات پاگئے جس کے بعد پاکستان کی کشتی کنارے نہیں لگ سکی قائداعظم کیسا پاکستان چاہتے تھے اس کا اندازہ ان کے فرمودات سے ہوجاتا ہے قیام پاکستان کے بعد بانی قائد نے ارشاد فرمایا تھا کہ ہم نے پاکستان حاصل کرلیا لیکن یہ ہمارے مقصد کی ابتداء ہے، ابھی ہم پر بڑی ذمہ داریاں ہیں حصول پاکستان کے مقابلے میں، اس ملک کی تعمیر پر کہیں زیادہ کوشش صرف کرنی ہے اور اس کے لیے قربانیاں بھی دینی ہیں وہ تعلیم کو تلوار سے زیادہ طاقتور سمجھتے تھے اور نوجوانوں کے لیے پیغام تھا کہ ''آپ تعلیم پر پورا دھیان دیں اپنے آپ کو عمل کے لیے تیار کریں یہ آپ کا پہلا فریضہ ہے آپ کی تعلیم کا ایک حصہ یہ بھی ہے کہ آپ دور حاضر کی سیاست کا مطالعہ کریں

بقیہ 21

میں بی ایس اور انٹرمیڈیٹ میں داخلوں کے سلسلے منعقدہ ''شعور آگاہی سیمینار'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار سے پرنسپل ڈاکٹر فاطمہ گل، صدر کے مشیر و سابق ایم ڈی بیت المال عامر فدا پراچہ، صدر راولپنڈی چیمبر ثاقب رفیق، صدر پیپلز ٹریڈرز سیل نوید کنول، سائیں محمد اعجاز، خواجہ جہاں زیب، طارق محمود، خواجہ امتیاز احمد، اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر حنا ارم و دیگر نے اظہار خیال کیا۔ سیمینار میں سمیت اساتذہ کرام، والدین اور طالبات نے شرکت کی۔ پرنسپل ڈاکٹر فاطمہ گل نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے والدین کیلئے بچوں اور بچیوں کو تعلیم دلانا دشوار ہو چکا۔ یہی وجہ ہے کہ ایک بہت بڑی تعداد تعلیم سے دور ہے۔ ہم نے سفید پوش گھرانوں کی مشکلات کے پیش نظر ایک ''فنڈ'' قائم کیا ہے، جس کے تحت ہم مستحق بچیوں کو مفت داخلہ و تعلیم دے رہے ہیں۔ وسائل کی کمی نے عام آدمی میں تعلیم سے دور کردیا ہے۔

بقیہ 22

پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق ایس ایس پی انویسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے اقلیتوں سے تعلق رکھنے والی لیڈی پولیس افسران سے میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی ایڈمن، ایس ایچ او ویمن اور انچارج ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن بھی شریک تھیں، میٹنگ میں لیڈی پولیس افسران کے مسائل سنے گئے اور حل کے لیے احکامات جاری کیے گئے، شرکاء میٹنگ کا کہنا تھا کہ پنجاب پولیس کی یونیفارم نے ہمیں پہلے سے زیادہ اعتماد دیا، دوران ڈیوٹی کبھی جینڈر یا مذہب کی وجہ سے کوئی رکاوٹ یا مشکل پیش نہیں آئی، مردوں کے شانہ بشانہ کام کرکے حوصلہ مزید بڑھتا ہے، ہمیں فخر ہے کہ ہم شہریوں کی حفاظت اور سہولت کے لیے کام کررہی ہیں، شرکاء میٹنگ، ایس ایس پی انویسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ لیڈی پولیس افسران اپنے کسی بھی مسلے کے حل کے لیے کسی بھی وقت رابطہ کرسکتی ہیں، آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق فورس کی ویلفیئر کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 23

کیخلاف نازیبا زبان کے استعمال پر سربراہ اے ایم ایل شیخ رشید کیخلاف تھانہ موچکو میں درج مقدمہ ختم کرنے کے اسلام آباد ہائیکورٹ فیصلے کیخلاف درخواست سپریم کورٹ میں دائر کردی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ قانون کی نظر میں برقرار نہیں رکھا جاسکتا، ہائی کورٹ نے شیخ رشید کے بلاول بھٹو کیخلاف نازیبا جملوں کو نظرانداز کیا۔ بلاول بھٹو پیپلزپارٹی کے چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ ہیں، تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ نازیبا کلمات پولی کلینک ہسپتال اسلام آباد میں ادا کئے گئے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ عدالت نے نظرانداز کیا کہ نازیبا کلمات سے اس کی حدود کے باہر بھی لوگوں کی دل آزاری ہوئی، وقوعہ تھانہ آبپارہ کی حدود میں ہوا لیکن کوئی مقدمہ درج نہیں کیا گیا، ضابطہ فوجداری کے تحت وقوعہ کے اثرات دیگر علاقوں میں ہونے پر بھی مقدمہ درج ہوسکتا ہے۔ اپیل میں مؤقف اپنایا گیا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے اپنے دائرہ اختیار سے تجاوز کر کے مقدمہ ختم کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 24

والدہ کو اپنے ساتھ بٹھایا اور کافی دیر باتیں کرتی رہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گھر کے اندر خود جا کر ارشد ندیم کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اہل خانہ کے ساتھ تصاویر اور سیلفیاں بھی بنوائیں۔ اولمپئین ارشد ندیم نے اولمپکس مقابلوں کی یادتازہ کی اور اپنی کاوش سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اولمپئین ارشد ندیم کو 10 کروڑ روپے کا چیک اور ہنڈا سوک کار ''پی اے کے 92.97'' کی چابی پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کوچ سلمان اقبال بٹ کو بھی پچاس لاکھ روپے کا چیک دیا اور ارشد ندیم کے کوچ اور استاد کو بھی شاباش دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ارشد ندیم نے قوم کو بے مثال خوشی سے ہمکنار کیا۔ اولمپئین ارشد ندیم اور انکے والدین نے وزیراعلیٰ کی آمد کو عزت افزائی قرار دیا۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب، وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر، معاون خصوصی ذیشان ملک ایم پی اے ثانیہ عاشق، عامر حیات ہراج، پیر اسلم بودلہ، چیف سیکرٹری، اے سی ایس ساؤتھ، اے آئی جی ساؤتھ، سیکرٹری سپورٹس، کمشنر، آر پی او، ڈپٹی کمشنرز اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 25

ویزا پالیسی نرم کررہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراطلاعات عطاء تارڑ نے کہا کہ ہر طرف سے اچھی خبریں آرہی ہیں، ارشد ندیم کے گولڈ میڈل جیتنے پر پوری قوم خوش ہے، پاکستان کا 40 سال بعد ایسا اعزاز حاصل کرنا خوشی کا مقام ہے، ارشد کی کامیابی کے ساتھ ان کے کوچ بھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم کی فیملی کو پروٹوکول کیساتھ ملتان ایئرپورٹ سے لایا گیا وہ آج پاک فضائیہ کے خصوصی طیارے کے ذریعے اسلام آباد پہنچ رہے ہیں، کابینہ ارکان اپنے قومی ہیرو کا بھرپور استقبال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم کی وجہ سے پوری دنیا میں سبز ہلالی پرچم بلند ہوا، وہ (آج) بدھ کو 14 اگست کی مرکزی تقریب میں بھی موجود ہوں گے، قومی ہیرو کے اعزاز میں خصوصی عشائیہ بھی دیا جائے گا۔

بقیہ 26

اور لاہور کے ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور نجکاری سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے فیلڈ ہسپتال، کلینک آن ویلز اور پہلی ایئرایمبولینس کی لانچنگ پر وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کو مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ پنجاب بھر میں 600 سے زائد سڑکوں کی تعمیر و توسیع کا پراجیکٹ کی تکمیل سے عوام کو سہولت ہوگی۔ پنجاب میں پانچ بڑی ایکسپریس ویز بنا کر شہروں کو ایک دوسرے سے منسلک کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روڈز کی تعمیر، توسیع و مرمت علاقے کے عوام کے لئے خوشحالی کا پیغام لاتی ہے۔ پنجاب حکومت مہنگی بجلی کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے سولر پینل مہیا کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ لاہور میں نوازشریف آئی ٹی سٹی پراجیکٹ میں غیر ملکی اداروں کے دلچسپی خوش آئند ہے۔ وفاقی وزیر برائے نجکاری عبدالعلیم خان نے کہا کہ ترقی اور خوشحالی کے لئے وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی پرفارمنس قابل تحسین ہے۔ روڈز، ایجوکیشن، ہیلتھ پراجیکٹس اور ستھرا پنجاب کامیاب سے ہمکنار ہونگے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ مہنگائی پر قابو پانے کے لئے مریم نوازشریف کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے سمیت خسارے میں جانے والے اداروں کی نجکاری سے قومی خزانے پر بوجھ کم ہوگا۔ بورڈ آف انویسٹمنٹ ملکی اور غیرملکی سرمایہ کاری کے لئے ون ونڈو وا ایز آف بزنس شروع کرچکا ہے۔

بقیہ 27

پاسکو کی گندم خریداری پالیسی تبدیل کرنے پر گرفتار کیا گیا، ظہور احمد رانجھا نے گندم خریداری پالیسی فراڈ کر کے تبدیل کی، پالیسی میں کسانوں کے بجائے آڑھتیوں سے گندم خریدنے کا لکھا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ گندم پالیسی میں سابق جی ایم نے تمام ڈسٹرکٹ آفیسر کو ایم ڈی پاسکو کے دستخط کیساتھ پالیسی لیٹر جاری کیا، پالیسی تبدیل کرنے اور جعلی دستخط کرنے کی دفعات کے تحت ظہور رانجھا کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق ایم ڈی پاسکو کو بھی اس کیس میں شامل تفتیش کیا جائے گا۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے لاہور زون سرفراز خان ورک کا کہنا ہے کہ زیرحراست ملزم سے تفتیش کا عمل جاری ہے، پاسکو گندم سکینڈل میں میرٹ پر تفتیش کی جارہی ہے۔

بقیہ 28

کی جنگ شدت اختیار کرگئی۔ دہشت گرد گروہ کے سرغنہ شمبین عرف شہک کو اپنے ہی ساتھی نے فائرنگ کر کے ہلاک کردیا۔ ذرائع کے مطابق شمبین بی ایل ایف کا اہم ترین کمانڈر تھا جو کئی دہشتگرد کارروائیوں میں ملوث رہا، شمبین فورسز پر حملوں اور ہتھیار ڈالنے والے پرانے ساتھیوں کے قتل میں بھی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مطلوب تھا۔ شمبین بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز پر کئی حملوں میں براہ راست ملوث رہا ہے۔

بقیہ 29

عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کے ذریعے ہمارے آباؤاجداد نے آزادی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ آزادی ایک عظیم نعمت ہے جس کی حفاظت ہم سب پر لازم ہے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ پاکستان کی آزادی کے لیے جدوجہد کرنے والے ہیروز ہماری تاریخ کے وہ روشن ستارے ہیں جن کی قربانیوں اور خدمات کی بدولت آج ہم ایک آزاد اور خود مختار ملک میں سانس لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح، علامہ محمد اقبال، لیاقت علی خان، فاطمہ جناح، سرسید احمد خان اور آزادی کی حصول کے لیے جدوجہد کرنے والے ان گنت دیگر ہیروز نے تحریک آزادی میں بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے علم، طاقت، فہم و فراست اور حکمت عملی سے قوم کو ایک نیا حوصلہ اور ولولہ دیا۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ پاکستان کی آزادی ان عظیم شخصیات کے خوابوں کی تعبیر ہے جن کی شبانہ روز جدوجہد کی بدولت ہمیں یہ آزادی حاصل ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کے خوابوں کی تکمیل کے لیے اپنا حصہ ڈالیں، تاکہ پاکستان دنیا میں ایک عظیم اور خوددار قوم کے طور پر اُبھر سکے۔ ڈپٹی اسپیکر نے پاک فوج کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے شہداء ہماری قوم کا فخر ہیں۔ انہوں نے اپنے وطن کی حرمت اور دفاع کے لیے اپنی جانیں قربان کرکے ہماری زندگیوں میں سکون لانے والوں قوم کے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ڈپٹی اسپیکر نے مزید کہا کہ ہمیں اپنے اندر اتحاد، نظم وضبط، اور حب الوطنی کے جذبات کو مزید مستحکم کرنا ہوگا تاکہ آنے والے چیلنجز کا سامنا کرسکیں۔ آج کا دن اس عزم کو دہرانے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم ایک آزاد اور خودمختار قوم کے طور پر دنیا میں اپنا مقام بلند کریں گے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ پاکستان کے استحکام، اتحاد اور یکجہتی کے لیے نوجوان اپنی تمام صلاحیتوں اور توانائیاں بروئے کار لائیں۔ ڈپٹی اسپیکر نے جشن آزادی کے موقع پر اللہ تعالیٰ سے وطن عزیز کی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 30

کے سلسلہ میں فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے اسلام آباد پولیس کے 3000 سے زائد پولیس افسران سکیورٹی کے فرائض منصبی سرانجام دیں گے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے یوم آزادی کے موقع پر سکیورٹی کو مزید موثر بناتے ہوئے خصوصی سکیورٹی اور ٹریفک پلان تشکیل دے دیا ہے، یوم آزادی کے سلسلہ میں فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے اسلام آباد پولیس کے 3000 سے زائد پولیس افسران وجوان سکیورٹی کے فرائض منصبی سرانجام دیں گے، جبکہ وفاقی دارلحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے ٹریفک افسران واہلکار ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، ڈی آئی جی اسلام آباد سید علی رضا نے کہا کہ سینئر افسران خود فیلڈ میں رہ کر امن وامان اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنائیں گے، ون ویلنگ کے روک تھام کے لیے خصوصی ناکہ جات لگائے جائیں گے، پارکوں، مارکیٹوں اور عام مقامات پر بھی خصوصی نفری تعینات کی گئی ہے، تھانوں کی موبائل گشت، سی ٹی ڈی اور ڈولفن فورس کے خصوصی دستے گشت کریں گے، انہوں نے مزید کہا کہ ون ویلنگ اور اس مقصد کے لئے موٹرسائیکل تیار کرنے والی ورکشاپس کے خلاف بھی کارروائی کی جارہی ہے، کسی بھی مقام پر ہلڑ بازی اور قانون کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، یوم آزادی کے موقعہ پر قانون شکن عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن کیا جائے گا، اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 یا آئی سی ٹی 15 ایپ پر فوری اطلاع کریں۔

بقیہ 31

پاکستان کیلئے مل کر کام کرنے سے ضرور مشکلات سے باہر نکلیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ حکومت اور قوم 14 اگست کا دن روایتی جوش وخروش سے منائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم قوم کا ہیرو ہے، اس نے 40 سال بعد پاکستان کو گولڈ میڈل دلایا جس پر پوری قوم اللہ کا شکر ادا اور خوشیاں منارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم نے ماضی قریب میں بھی مقابلوں میں حصہ لیا، اللہ نے محنت اور ریاضت کی وجہ سے اسے یہ مقام عطا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ میٹنگ میں ارشد ندیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، صدر پاکستان کو ارشد ندیم کو میڈل دینے کیلئے خط ارسال کردیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ قومی ہیروز کی عزت کرنا پوری قوم کا فرض ہے، ارشد ندیم کو وزیراعظم ہاؤس آنے کی دعوت دی ہے، انہیں اور ان کی فیملی کو پروٹوکول کیساتھ وزیراعظم ہاؤس لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ لمحہ پوری قوم کیلئے یکجہتی کا ہے، پاور سیکٹر نے گزشتہ کئی ماہ سے بہت محنت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے اگر ہم نے زراعت اور انڈسٹری کو بڑھانا ہے تو اس کی لاگت کم کرنی ہوگی، اس کے بغیر مارکیٹ میں قدم جمانا ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاور سیکٹر اور ایف بی آر میری ترجیحات میں شامل ہیں، اللہ چاہے گا تو ہم ان دو سیکٹرز میں کامیاب ہوں گے۔

بقیہ 32

معاشرے کا کوئی بھی طبقہ پیچھے نہ رہے۔ دہشت گردی ہماری سلامتی اور ہمارے طرز زندگی کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ ہماری مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ہماری حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ اپنی صفوں میں اتحاد، یگانگت اور غیر متزلزل عزم پیدا کرکے ہم نہ صرف ثابت قدم رہ سکتے ہیں بلکہ چیلنجوں کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی ایک بڑے مسلے کے طور پر سامنے آیا ہے۔ ہمیں اس خطرے سے نمٹنے کے لیے عالمی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان تمام چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں متحد ہوکر کام کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ قومی یکجہتی بحیثیت قوم ہماری طاقت کا سنگ بنیاد ہے۔ ہمیں اتحاد کے احساس کو فروغ دینے کے لیے کام کرنا چاہیے اور یہ واحد راستہ ہے جس سے ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں جو اندرونی اور بیرونی خطرات سے محفوظ ہو۔ آخر میں، جب ہم اس یوم آزادی کا جشن منارہے ہیں ہمیں یہ یاد رکھنا ہوگا کہ ایک بہتر مستقبل کے لیے عزم اور مشترکہ وژن کے ساتھ، ہم ان رکاوٹوں کو دور کرکے ایک مضبوط، خوشحال اور انصاف پسند پاکستان بنا سکتے ہیں۔ آئیے مل کر اپنی قوم کی بہتری کے لیے کام کرنے کا عہد کریں، تاکہ آنے والی نسلیں امن اور ہم آہنگی سے رہ سکیں۔ پاکستان زندہ باد!

بقیہ 33

ٹریفک پولیس کے 233 افسران واہلکاران ٹریفک کے فرائض سرانجام دیں گے جبکہ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا ہے کہ راولپنڈی پولیس کی جانب سے یوم آزادی پر شہریوں کے لئے بہترین سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق جشن آزادی کے موقع پر ملکہ کوہسار مری میں سکیورٹی وٹریفک پلان کے حوالے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی بینش فاطمہ نے شہریوں کے لئے اہم پیغام دیتے ہوئے کہا کہ سٹی و ٹریفک پولیس راولپنڈی کی جانب سے ملکہ کوہسار میں بہترین سکیورٹی وٹریفک انتظامات یقینی بنائے گئے ہیں، مری میں 750 سے زائد افسران سکیورٹی ڈیوٹیز جبکہ ٹریفک پولیس کے 233 افسران و اہلکاران ٹریفک کے فرائض سرانجام دیں گے، مری آنے والے سیاحوں کے تحفظ اور سفری سہولیات کے تمام اقدامات اٹھائے گئے ہیں، مری کے راستوں پر سیاحوں کی سہولت کے لئے خصوصی پکٹس لگائی گئی ہیں، بدوں نمبر، غیر نمونہ نمبر پلیٹ والی گاڑیوں موٹرسائیکلوں کو داخلے کی اجازت نہیں ہوگی، ون ویلنگ کیلئے آلٹرشدہ موٹرسائیکل، بدوں سائلنسر موٹرسائیکلوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی، مری میں صرف فیملیز کی گاڑیوں کے داخلہ کی اجازت ہوگی، موٹرسائیکلوں کے داخلہ پر پابندی ہے، مری میں پاکستان اور کشمیر کے جھنڈے کے علاوہ دیگر کوئی جھنڈا یا بینر وغیرہ لانے کی قطعی اجازت نہیں، شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے

بقیہ 34

مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں وفاقی دارلحکومت میں جشن آزادی کے سلسلے میں ہونے والی تقریبات کے لئے اسلام آباد ٹریفک پولیس نے خصوصی ٹریفک پلان تشکیل دے دیا، جس کے مطابق ایک ایس پی، 4 ڈی ایس پیز، 28 انسپکٹرز سمیت 585 افسران اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں گے، اس موقع پر اسلام آباد پولیس کی جانب سے 13 اور 14 اگست پر ون ویلنگ کرنے والے موٹرسائیکل سواروں کے خلاف بھی سختی سے نمٹنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ون ویلنگ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں، خطرناک ڈرائیونگ اور ہیوی سائلنسر والی گاڑیوں اور غیر قانونی طور پر اسلام آباد میں داخل ہونے والے رکشوں کیخلاف کریک ڈاون کے لئے چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے تمام زونل انچارجز کو خصوصی ہدایات جاری کی ہیں کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے موٹرسائیکل سواروں کے خلاف کسی صورت رعائت نہ برتی جائے اور موٹر سائیکل کی آلٹریشن کرنے والے مکینکوں کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تشکیل دیئے گئے سپیشل سکواڈز 13 اور 14 اگست کو اسلام آباد کی اہم شاہراہوں جس میں سری نگر ہائی وے، ایکسپریس ہائی وے، فیصل ایونیو، مری روڈ، سیونتھ ایونیو، نائنتھ ایونیو، پارک روڈ سمیت دیگر بڑی شاہراہوں اور مقامات پر 55 سے زائد ناکہ جات لگا کر قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لائیں گے، چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک نے والدین سے بھی اپیل کی ہے کہ اپنے بچوں کو ون ویلنگ والے موٹرسائیکل ہرگز استعمال نہ کرنے دیں بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ان کی موٹرسائیکل، گاڑی تھانہ میں بند کردی جائے گی تاکہ حادثات پر مکمل طور پر قابو پایا جاسکے، اس موقع پر آئی سی ٹی پی ریڈیو ایف ایم 92.4 بھی لمحہ بہ لمحہ شہریوں کو ٹریفک کی صورتحال سے باخبر رکھے گا۔

بقیہ 35

ہوگا، دوقومی نظریہ زندہ حقیقت ہے، سیاسی بحرانوں کا خاتمہ قومی سلامتی کی حفاظت اور معاشی سماجی استحکام کے لیے ضروری ہے کہ 78 ویں یوم آزادی پر پوری قوم جوش وجذبہ کے ساتھ تفرقوں، تعصبات، نفرتوں کو چھوڑ کر ملک کی تعمیر نو کا عہد کرے، آئین پاکستان پر عمل درآمد کی پابندی تمام سٹیک ہولڈرز کو کرنا ہوگی۔ لیاقت بلوچ نے سمیرا یال روہیلہ میں سیکرٹری اطلاعات جماعت اسلامی قیصر شریف کے بھائی انصر شریف کے انتقال پر تعزیت کی اور وزیرآباد، راولپنڈی، اسلام آباد میں سیاسی مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک ایک بڑے سیاسی بحرانوں سے دوچار ہے، ہر لحہ گزرتا ہے تو ملک کے سیاسی بحران تہہ در تہہ الجھتے چلے جارہے ہیں۔ 2024 انتخابات نے 2013 اور 2018 کے انتخابات کے بعد انتخابی دھاندلیوں کی وجہ سے نتائج کی زبردستی تبدیلی سے حالات کو اور زیادہ خوف ناک بنا دیا ہے۔ عدلیہ، پارلیمنٹ اور اسٹیبلشمنٹ کی آئین سے ماورا چپقلش آئین، عدلیہ اور جمہوریت انتہائی خطرناک گریڈ تک پہنچ گئی ہے۔ سیاسی بحرانوں کا سیاسی حل قومی سیاسی جمہوری قیادت کی گردن پر قومی فرض اور قرض ہے۔ لیاقت بلوچ نے وزیرآباد میں جماعت اسلامی کے رہنما اویس گھمن کی جانب سے دیے گئے ظہرانہ میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنے نے پوری قوم کو بجلی، پٹرول، بحران اور آئی پی پیز کی ہولناکیوں سے آگاہ کردیا ہے۔

بقیہ 36

چکوال نے فوری طور پر ایکشن لیا اور خاتون کے شوہر کی مدعیت میں مقدمہ درج کرتے ہوئے شواہد اکھٹے کرنے کے بعد تفتیش کا آغاز کیا۔ ڈی پی او چکوال کی خصوصی ہدایات پر ایس پی انوسٹی گیشن، ایس ایچ او تھانہ صدر چکوال کی سربراہی میں ٹیمیں تشکیل دی گئیں اور مقدمہ کو ہر پہلو سے تفتیش کا آغاز کیا گیا۔ شکوک وشبہات کی بنیاد پر خاتون کے شوہر کو شامل تفتیش کیا گیا اور مزید حقائق جاننے کی کوشش کی گئی جس پر ظاہر ہوا کہ خاتون کے شوہر گوہر منظور نے ہی غیرت کے نام پر اپنی بیوی کو تیز دھار آلے سے قتل کرکے اپنے چچازاد بھائی اختر علی کے ساتھ مل کر لاش کو ڈیم میں پھینک دیا۔ چکوال پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف غیرت کے نام پر قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ کا اندراج کیا اور ملزمان کو جوڈیشل بھجوادیا۔ ڈی پی او نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب پولیس اور آر پی او راولپنڈی کے احکامات پر خواتین اور بچوں پر تشدد و ہراسگی کے کیسز کے خلاف فوری طور پر ایکشن لیا جارہا ہے اور ایسے کیسز میں زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔

بقیہ 37

نے ملتان ڈویژن میں منڈیوں میں لگائے گئے عوام دوست سیل کاؤنٹرز کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ملتان ڈویژن کے تمام اضلاع میں بیک وقت عوام دوست سیل کاؤنٹرز لگانے پر خوشی کا اظہار کیا اور ستھرا پنجاب مہم میں اچھی کارکردگی پر کمشنر ملتان مریم خان کو شاباش بھی دی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے ملتان ڈویژن میں سیوریج اور صفائی کی شکایات کو فوری حل کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ قیمتوں پر کنٹرول میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور افسران بھرپور مانیٹرنگ کریں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے ملتان شہر کی خوبصورتی پر فوکس کرنے اور خصوصی اینیشیٹوز کے ثمرات ملتان کے عوام تک یقینی طور پر پہنچانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ سرکاری نرخ سے زیادہ وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے کھلی کچہریاں لگائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے پر توجہ دی جائے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، صوبائی وزیر کھیل ایوب کھوکھر، معاون خصوصی ذیشان ملک، ایم پی اے ثانیہ عاشق، چیف سیکرٹری، کمشنرز آر پی او ملتان ڈویژن اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 38

بانیان پاکستان اور آباؤاجداد کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان ہستیوں کی انتھک محنت، جدوجہد اور قربانیوں کی بدولت ہمیں یہ ملک خداداد حاصل ہوا۔ اسپیکر نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ آزادی جیسی عظیم نعمت کی قدر کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ پاکستان کی خاطر ہمارے اسلاف اور بانیان پاکستان نے لازوال قربانیاں دیں، انہیں قربانیوں اور جدوجہد کی بدولت آج ہم آزاد فضاؤں میں زندگی بسر کررہے ہیں۔ اسپیکر نے کہا کہ قیام پاکستان کا مقصد اسلامی اقدار اور روایات پر مبنی ایسے جمہوری س فلاحی معاشرے کا قیام تھا جس میں ہر شہری کو بلا امتیاز، رنگ ونسل انصاف، ترقی، تعلیم، روزگار اور علاج معالجے کے مساوی مواقع میسر ہوں اور ان کو جان و مال اور حقوق کا تحفظ حاصل ہو اور وہ اپنے رسم ورواج اور عقائد کے مطابق زندگی بسر کرسکیں۔

بقیہ 39

کی اہم سرکاری عمارتوں کو رنگ برنگی لائٹوں سے سجا دیا گیا، گھروں کی چھتوں، عمارتوں پر قومی پرچم آویزاں ہیں، مارکیٹیں اور بازار جھنڈیوں، بیجز اور آرائشی اشیاء سے سج گئے۔ پی ایچ اے نے وطن سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے واہگہ بارڈر کے بعد لاہور میں سب سے اونچا پرچم لہرادیا، جیلانی پارک لاہور میں 200 فٹ اونچا پرچم نصب کیا گیا، آزادی فلوٹ بھی جی ٹی روڈ پر رواں دواں ہے، جگہ جگہ شہریوں کی جانب سے شاندار استقبال کیا جارہا ہے۔ دوسری جانب جشن آزادی کے سلسلے میں سجائے گئے بازاروں میں گہما گہمی عروج پر ہے، بڑوں کے ساتھ ساتھ بچوں کا جم غفیر بھی بازاروں میں اُمڈ آیا ہے، سٹالز پر بڑے جھنڈے، جھنڈیاں، بچوں کیلئے ماسک، بیجز، گھڑیاں اور ٹوپیاں بھی رکھی گئی ہیں۔ کسی کو گاڑی کیلئے جھنڈا چاہیے تو کوئی موٹرسائیکل پر جھنڈی لگوا رہا ہے، کوئی گھروں کو سجانے کیلئے قومی پرچم خرید رہا ہے تو کوئی چھوٹی جھنڈیاں خریدنے میں مصروف ہے، کچھ لوگ خواتین اور بچیوں کیلئے سبز ہلالی رنگ کی چوڑیاں خرید رہے ہیں۔ یوم آزادی کی مناسبت سے سبز ہلالی رنگ کے ملبوسات بھی بچوں کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں، بچیاں سبز اور سفید رنگ کی فراکس اور جیولری خریدنے میں مصروف ہیں جبکہ ننھے بچے چاند تارے والی شرٹس خرید رہے ہیں۔ بچوں کا کہنا تھا کہ یوم آزادی بھرپور طریقے سے منائیں گے۔

بقیہ 40

یہ ہے کہ شہریوں کو مقرر کردہ نرخوں پر معیاری سبزی اور فروٹ میسر آسکیں۔ طاہرہ اورنگزیب روات سبزی منڈی کے قیام کے بعد علامہ اقبال اور حیدری چوک میں سستے بازار قائم کردیئے گئے ہیں۔ حسن وقار چیمہ عوام کے رسپانس کے بعد سستے بازاروں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا۔ ڈی سی راولپنڈی سستے ماڈل بازاروں میں شہریوں کو ہول سیل ریٹ پر اشیاء ضروریہ میسر ہوں گی۔ ڈی سی راولپنڈی اشیاء ضروریہ کے معیار اور مقرر کردہ نرخوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ

بقیہ 41

موسم گرما کی تعطیلات کے بعد ان کے لئے ہفتے میں دو چھٹیوں کا اعلان کرتے ہوئے چھٹی کے اوقات کار بھی تبدیل کردیئے ہیں۔ وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے ایک بیان میں کہا کہ موسم گرما کی تعطیلات کے بعد سرکاری سکولوں میں خواتین اساتذہ کو اب ہفتے کی بھی چھٹی ہوا کرے گی جبکہ عام دنوں میں وہ 3 بجے کی بجائے اڑھائی بجے چھٹی کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ٹیچرز کی چھٹی کے وقت میں تبدیلی ان کی گھریلو ذمہ داریوں کو مدنظر رکھ کر کی گئی ہے، اس سلسلے میں نوٹیفکیشن جلد جاری کردیا جائے گا۔

بقیہ 42

کیوایل انجکشن اٹیک کی نشاندہی کئے جانے پر وفاقی حکومت نے نیشنل سرٹ ایڈوائزری جاری کردی ہے جس میں تمام اداروں کو فوری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی تنبیہ کی گئی ہے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ ہیکرز ایس کیو ایل انجکشن کے ذریعے مختلف اداروں کے ڈیٹا بیس سے حساس معلومات تک پہنچنے کیلئے کوشاں ہیں، صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام ادارے فوری اقدامات کریں، تمام آرگنائزیشنز اور ادارے فوری متعلقہ انفارمیشن سیکورٹی افسر کو متحرک کریں اور اپنے ڈیٹا بیس کو محفوظ بنانے کیلئے فائر وال ایکٹو کریں۔ ایڈوائزری کے مطابق حملے تنظیمی ڈیٹا کی سلامتی اور رازداری کیلئے شدید خطرہ ہیں۔ اعلامیے میں حکومتی اداروں کے علاوہ یونیورسٹیوں، تعلیمی اداروں، چھوٹی صنعتوں، ای کامرس، صحت اور نجی اداروں پر بھی سائبر حملوں کا خطرہ ظاہر کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حملہ آور ڈیٹا بیس تک غیر مجاز رسائی کے علاوہ ڈیٹا میں ہیرا پھیری کرنے اور ممکنہ طور پر حساس معلومات کو خارج کرنے کے لیے ان کمزوریوں کا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

بقیہ 43

جی اے ڈی کی ج انب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سیکرٹری صحت علی جان خان کی 4 ماہ کی چھٹی کی درخواست منظور کرکے انہیں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ ان سے سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کا عہدہ بھی واپس لے لیا گیا ہے۔ جاری اعلامیئے کے مطابق ثاقب علی عقیل کو سیکرٹری لائیو سٹاک، محمد مسعود انور کو چیف آف سیکشن پی اینڈ ڈی، عظمت محمود کو سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن تعینات کیا گیا ہے جبکہ سیکرٹری بیت المال اقبال حسین کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اقبال حسین 121 ویں نیشنل مینجمنٹ کورس کی ٹریننگ پر جائیں گے، او ایس ڈی جاوید اختر محمود کی بطور سیکرٹری بیت المال تعیناتی کی گئی ہے، ظہور حسین کو ممبر جوڈیشل 3، محمد خان رانجھا کو سیکرٹری آرکائیو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی، محمد جہانزیب کو کمشنر سرگودھا تعینات کیا گیا ہے۔

بقیہ 44

حسین کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم نے واردات کے دوران فائرنگ کرکے شہری شہزاد کو قتل کردیا تھا، اشتہاری مجرم واردات کے بعد روپوش ہوگیا تھا، پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری مجرم کو ٹریس کرکے گرفتار کیا، اشتہاری مجرم کا ایک ساتھی قبل ازیں گرفتار ہوچکا ہے، اشتہاری مجرم کی گرفتاری پر ایس پی راول فیصل سلیم کی صادق آباد پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرمان اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 45

اے سمیت خسارے میں جانے والے اداروں کی نجکاری سے قومی خزانے پر بوجھ کم ہوگا جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب میں پانچ بڑی ایکسپریس ویز بنا کر شہروں کو ایک دوسرے سے منسلک کررہے ہیں، 600 سے زائد سڑکوں کی تعمیر وتوسیع کی تکمیل سے عوام کو سہولت ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے وفاقی وزیر نجکاری و سرمایہ کاری بورڈ عبدالعلیم خان نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، ملکی معاشی و سیاسی صورتحال، لاہور ڈویلپمنٹ پراجیکٹ بارے تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نجکاری سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے فیلڈ ہسپتال، کلینک آن ویلز اور پہلی ایئر ایمبولینس کی لانچنگ پر وزیراعلیٰ کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب میں 600 سے زائد سڑکوں کی تعمیر و توسیع پر کام جاری ہے، پراجیکٹس کی تکمیل سے عوام کو سہولت ہوگی۔

بقیہ 46

میں مزید بارشوں کی پیش گوئی کی ہے، پیش گوئی کے مطابق دریائے راوی، چناب اور جہلم کے ملحقہ علاقوں، جنوبی بلوچستان کے علاوہ وسطی اور جنوبی سندھ کے علاقوں میں مزید بارشیں متوقع ہیں۔ بارش مختلف شہری علاقوں میں سیلابی صورتحال اور ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کا باعث بن سکتی ہے بالخصوص مری، گلیات، مانسہرہ، کوہستان، چترال، گلگت بلتستان، دیر، سوات، شانگلہ، نوشہرہ، صوابی، راولپنڈی/ اسلام آباد، شمال مشرقی پنجاب کے ندی نالوں، ڈی جی خان ڈویژن، قلات، خضدار، بارکھان، لسبیلا اور کشمیر کے پہاڑی ندی نالوں/ ہل ٹورنٹس میں سیلابی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ این ڈی ایم اے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی ہیں وہ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے ممکنہ اثرات کو کم کرنے کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔



جشن آزادی کے حوالے سے اسپائر کالج گوجرخان میں تقریب کا انعقاد

تقریب میں صحافی، وکلاء سیاسی سماجی شخصیات کی شرکت 14 اگست کے حوالے تقاریر کی گئیں اخر میں کیک کاٹا گیا

آج ہم ان قربانیوں کی وجہ سے پرامن باوقار ملک میں تعمیر وترقی کی راہوں پر گامزن ہیں پوری قوم یوم آزادی جوش ولولے کے ساتھ منا رہی ہے

گوجرخان (قمر شہزاد) پاکستان مسلمانان برصغیر کی لازوال قربانیوں سے وجود میں آیا آج ہم ان قربانیوں کی وجہ سے پرامن باوقار ملک میں تعمیر و ترقی کی راہوں پر گامزن ہیں پوری قوم یوم ازادی نئے جوش اور ولولے کے ساتھ منا رہی ہے پاکستان اسلام کے نام پر وجود میں ایا ہے پاکستان ایک نور ہے اوراس کو زوال نہیں ان خیالات کا اظہار سابقہ چیئرمین بلدیہ گوجرخان الحاج محمد شاہد صراف مسلم لیگ ن گوجرخان سٹی کے صدر سید ندیم عباس بخاری سابقہ صدر بارایسوسی ایشن گوجرخان تنزیل الرحمٰن ایڈووکیٹ پٹوار پریس کلب گوجرخان (بقیہ نمبر 1)

تحصیل گوجرخان میں جشن آزادی کے حوالے سے تیاریاں عروج پر

بلدیہ آفس گوجرخان میں پرچم کشائی کے حوالے سے کل رنگارنگ تقریب کا انعقاد کیا جائے گا تمام مکاتب فکر کے افراد شرکت کریں گے

بازاروں میں قومی پرچموں بیجز، ملبوسات غبارے باجے اور دیگر اشیاء کے سٹالز پر گہما گہمی عروج پر بچے بڑے جشن آزادی منانے کے لیے پرعزم

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان اور گردونواح میں جشن آزادی کو پرجوش طریقے سے منانے کیلئے تیاریاں عروج پر ہیں، بازاروں میں قومی پرچموں، بیجز، ٹوپیاں، قومی پرچم کے بچوں کے ملبوسات، غبارے، باجے اور دیگر اشیاء کے سٹال لگے ہوئے ہیں جن پر بڑوں، بچوں اور خواتین کا رش ہے۔ لوگوں کی بڑی تعداد قومی پرچم خرید رہی ہے اور اسے اپنے گھروں، گاڑیوں، موٹرسائیکلوں پر لگائے ہوئے ہیں۔ (بقیہ نمبر 15)

لائٹ ہاؤس پیپر مارکیٹ مین خواتین جشن آزادی کے حوالے سے خریداری کر رہی ہیں

محسن نقوی کی برطانوی ہم منصب یوویٹ کوپر سے ملاقات

سوشل میڈیا کے ذریعے تشدد پر اکسانے والوں کیلئے معافی نہیں ہونی چاہئے، وزیرداخلہ

اسلام آباد/لندن (انٹرنیوز) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا کے ذریعے تشدد پر اکسانے والوں کیلئے کوئی معافی نہیں ہونی چاہئے، غیرقانونی تارکین وطن سے نمٹنے کیلئے باہمی اشتراک کار بڑھانا ضروری ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے لندن میں برطانوی ہم منصب یوویٹ کوپر سے ملاقات کی (بقیہ نمبر 2)

ایک بزرگ خاتون داتا دربار کے سامنے چڑیا فروخت کر رہی ہے

سرکاری و نجی شعبوں کے گھریلو آئی پی پیز بھی بند کرنے کا فیصلہ

حکومت کی مختلف تجاویز، اقدامات کے تحت بجلی قیمتوں میں کمی کی منصوبہ بندی شروع

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی حکومت نے مختلف تجاویز، اقدامات کے تحت بجلی قیمتوں میں کمی کیلئے منصوبہ بندی شروع کردی۔ اطلاعات کے مطابق وفاقی حکومت نے مختلف تجاویز، اقدامات کے تحت بجلی قیمتوں میں کمی کیلئے منصوبہ بندی شروع کردی ہے۔ منصوبے کے تحت وفاقی وصوبائی سطح پر ترقیاتی بجٹ کی مختص رقم میں کمی کی جائے گی۔ (بقیہ نمبر 5)

مغوی کی بازیابی کیلئے گئی موبائل الٹ گئی، مغوی کا بیٹا جاں بحق

پولیس اہلکاروں نے بیٹے کی جیب سے ایک لاکھ روپے بھی نکال لئے، ورثاء کا احتجاج

گھوٹکی (انٹرنیوز) گھوٹکی میں مغوی کی بازیابی کیلئے جانیوالی پولیس موبائل الٹنے سے مغوی کا بیٹا جاں بحق، 4 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گھوٹکی کے علاقے محمد پناہ ترنڈہ کے قریب موٹروے پر مغوی کی بازیابی کیلئے جانیوالی پولیس موبائل الٹنے کے نتیجے میں مغوی کا بیٹاں جاں بحق ہوگیا جبکہ 4 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے۔ (بقیہ نمبر 6)

پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی تقسیم، تین نئے محکمے قائم، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (انٹرنیوز) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کو تقسیم کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سوشل ایوی ایشن اتھارٹی کو تقسیم کر کے تین نئے محکمے قائم کردیئے گئے ہیں۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ریگولیٹری شعبہ جات پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کا حصہ ہونگے، کمرشل ایئرپورٹس کو پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کا حصہ (بقیہ نمبر 3)

اوگرا نے آر ایل این جی کی قیمت میں 3.19 فیصد اضافہ کردیا

اسلام آباد (انٹرنیوز) اوگرا نے اگست کیلئے آر ایل این جی کی قیمت میں 3.19 فیصد اضافہ کردیا۔ اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی ناردرن کیلئے آر ایل این جی کی قیمت میں 2.97 فیصد جبکہ سوئی سدرن کیلئے 3.19 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی ناردرن کیلئے آر ایل این جی کی قیمت میں 0.4038 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو، سوئی سدرن کیلئے قیمت میں 0.4206 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو اضافہ (بقیہ نمبر 4)

لورالائی، بے قابو ٹرک موٹر سائیکل پر الٹنے سے 3 افراد جاں بحق

لورالائی (انٹرنیوز) لورالائی میں تیز رفتار ٹرک بے قابو ہو کر موٹر سائیکل پر الٹنے سے 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق لورالائی میں ڈی جی خان روڈ پر نزد المدینہ ہوٹل کے موڑ پر سبزی سے لوڈ مزدا ٹرک تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہوکر موٹر سائیکل پر الٹ گیا جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ حادثے کی (بقیہ نمبر 7)

مریم نواز جعلی حکومت کو مذہبی ٹچ دینے کی ناکام کوشش کر رہی ہیں

حضرت عمر فاروقؓ کا دور انصاف پر مبنی، پنجاب میں ناانصافی کا بول بالا ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (انٹرنیوز) مشیر اطلاعات خیبرپختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ کا دور انصاف پر مبنی، پنجاب میں ناانصافی کا بول بالا ہے، شریف خاندان کے ہاتھ مظلوموں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں، مریم نواز جعلی حکومت کو مذہبی ٹچ دینے کی ناکام کوشش کر رہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیان پر (بقیہ نمبر 9)

روزمرہ کی اشیا کی قیمتوں پر سخت کنٹرول ضروری ہے، سیدہ رملہ علی

پرائس مجسٹریٹس زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیں

جہلم (این این آئی) ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے کہا ہے کہ روزمرہ کی اشیا کی قیمتوں پر سخت کنٹرول ضروری ہے، پرائس مجسٹریٹس زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیں، ناجائز منافع خوروں کے خلاف بھاری جرمانے اور مقدمات کا اندراج ہی پرائس کنٹرول کو ممکن بنا سکتا ہے انہوں نے یہ بات پرائس کنٹرول میٹنگ سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں گزشتہ ہفتہ کے دوران قیمتوں پر کنٹرول کے حوالے سے (بقیہ نمبر 10)

سڑک کنارے بچوں کی اشیاء فروخت کرنے والا محنت کش تھک ہار کر سویا ہوا ہے

چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو ڈاکٹر طاہر مسعود کا پیغام

14 اگست وہ امانت ہے جو ہمارے آباؤ اجداد نے لاکھوں قربانیوں دینے کے بعد ہمارے حوالے کیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو ڈاکٹر طاہر مسعود نے 14 اگست آزادی پاکستان کے دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ 14 اگست محض ایک تاریخ نہیں بلکہ 14 اگست وہ امانت ہے جو ہمارے آباؤ اجداد نے لاکھوں قربانیوں دینے کے بعد ہمارے حوالے کی ہے اور ہمیں بھی کسی بھی قربانی سے دریغ کیے بغیر اسے اپنی آنے والی نسلوں تک منتقل کرنا ہے۔ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا ہے کہ اس عظیم ملک پاکستان کی تعمیر و ترقی اور حفاظت کے لئے اپنا کردار بھرپور طریقے سے سر انجام دیں گے اور اس کی سلامتی پر ہرگز ہرگز کوئی (بقیہ نمبر 11)

پاکستان سے پہلی بار کھجور کے شیرے کی برآمدی سرگرمیوں کا آغاز

بین الاقوامی مارکیٹ میں کھجور کے شیرے کی زبردست ڈیمانڈ ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان سے پہلی بار کھجور کے شیرے کی برآمدی سرگرمیوں کا بھی آغاز ہوگیا ہے، اس سلسلے میں اومان کو پاکستان سے کھجور کا شیرہ برآمد کیا گیا ہے۔ پاکستان فروٹ اینڈ ویجیٹیبل ایسوی ایشن کے سرپرست اعلی وحید احمد نے اس ضمن میں بتایا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں کھجور کے شیرے کی زبردست ڈیمانڈ ہے جس سے پاکستانی برآمدکنندگان بھرپور استفادہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی (بقیہ نمبر 12)

سیمنٹ بوری کی ریٹیل قیمت میں ہفتہ وار بنیادوں پر 0.21 فیصد اضافہ

اسلام آباد میں بوری 1537، راولپنڈی 1513، سیالکوٹ 1530 کی ہوگئی

اسلام آباد (انٹرنیوز) ملک میں سیمنٹ بوری کی ریٹیل قیمت میں ہفتہ وار بنیادوں پر 0.21 فیصد اضافہ ہوگیا۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے جاری اعدادوشمار کے مطابق 8 اگست 2024 کو ختم ہونیوالے ہفتے میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1500 روپے (بقیہ نمبر 13)

وزیراعظم کی ڈپٹی کمشنر پنجگور کی گاڑی پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مستونگ میں ڈپٹی کمشنر پنجگور کی گاڑی پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعے میں ملوث افراد کی جلد نشاندہی کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری کردہ بیان کے مطابق وزیراعظم نے حملے میں ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا (بقیہ نمبر 14)

ڈی جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کوچ سلمان اقبال بٹ سے ملاقات کر رہے ہیں

مستونگ، سیکیورٹی اداروں کا تخریب کاروں کیخلاف آپریشن، 2 دہشت گرد ہلاک

مستونگ (انٹرنیوز) مستونگ میں سیکیورٹی اداروں کے تخریب کاروں کیخلاف آپریشن کے دوران 2 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع مستونگ میں دہشت گردی واردات کے بعد سی ٹی ڈی، پولیس، لیویز اور کیو آر ایف نے تخریب کاروں کیخلاف مشترکہ آپریشن کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق علاقے میں دیگر (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی، شراب بیچنے پر 4 ملزمان گرفتار، 25 لیٹر شراب برآمد

شراب سپلائرز اوران کے سہولت کار قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 25 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم شارون سے 05 لیٹر شراب، ملزم وقاص سے 05 لیٹر شراب، ملزم شہزاد سے 05 لیٹر شراب، ویسٹریج پولیس نے ملزم بشارت سے 10 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان (بقیہ نمبر 17)

کوئٹہ، نامعلوم حملہ آوروں کا گرلز سکول پر دستی بم حملہ، چوکیدار زخمی

کوئٹہ (انٹرنیوز) کوئٹہ میں سریاب روڈ پر گرلز سکول پر دستی بم حملے کے نتیجے میں چوکیدار زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم حملہ آور کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر واقعہ گرلز سکول پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے، دھماکے کے نتیجے میں سکول چوکیدار زخمی ہوگیا جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس حکام موقع پر پہنچ گئے اور حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی۔ (بقیہ نمبر 18)

موبائل سمز کے غیر قانونی استعمال کی روک تھام کا منصوبہ تیار

تین مراحل میں موبائل سمز کو بلاک کیا جائے گا، میڈیا رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے موبائل سمز کے غیر قانونی استعمال کی روک تھام اور سمز کو بلاک کرنے کے لیے منصوبہ تیار کرلیا ہے، جبکہ تین مراحل میں موبائل سمز کو بلاک کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق موبائل سمز کو بلاک کرنے سے متعلق پی ٹی اے نے منصوبہ تیار کرلیا ہے، پی ٹی اے نے (بقیہ نمبر 19)

پاکستان کوئی طشت میں رکھ کر نہیں ملا لاکھوں جانیں قربان کر کے حاصل ہوا

ہم جو لاکھوں جانوں کی قربانیوں سے حاصل اس آزاد وطن کی فضا میں سانس لے رہے ہیں تو کیا اس کا حق ادا کر رہے ہیں

آزادی کوئی تحفہ نہیں ہے، نہ ہی یہ غیر ملکی حکمرانی کی محض غیر موجودگی ہے آزادی ایک ذہنی کیفیت اور طرز زندگی ہے الحاج شاہد صراف

وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق ترکیہ کے ایکسپو پروموشن بیورو میں یادگار شیلڈ وصول کر رہے ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) سابق چیئرمین بلدیہ الحاج شاہد صراف نے 14 اگست کے حوالے سے اپنے ایک بیانیے میں کہا کہ اگست 2024 آن پہنچا ہے اور ہر سال کی طرح قوم پاکستان کا 77 واں جشن آزادی منا رہی ہے اپنی آزادی کا جشن منانا زندہ قوموں کی نشانی ہے اور اس روایت کو جاری رکھتے ہوئے وطن کے نونہالوں کو قوم کی تاریخ اور وطن کے لیے جدوجہد اوران کی ذمے داریوں سے آگاہ کرتے ہوئے مستقبل کے معماران وطن تیار کیے جاتے ہیں مزید برآں انھوں نے کہا کہ پاکستان (بقیہ نمبر 20)

وفاقی حکومت کا نکاح نامے میں ختم نبوت کا حلف شامل کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی حکومت نے نکاح نامے میں ختم نبوت کا حلف نامہ شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے نکاح نامے میں ختم نبوت کا حلف نامہ شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس حوالے سے وزارت مذہبی امور کی جانب سے حلف نامہ شامل کرنے کی سمری کابینہ میں پیش کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق کابینہ سے منظوری کے بعد حلف نامے کا

تعلیم و ہنر کے بغیر انسان کامیابی حاصل نہیں کرسکتا، ڈاکٹر جمال ناصر

بہتر معاشرے کی تشکیل کیلئے بچیوں کو زیور تعلیم سے اراستہ کیا جانا وقت کی اہم ضرورت ہے

راولپنڈی (این این آئی) تعلیم و ہنر کے بغیر انسان کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔ بہتر معاشرے کی تشکیل کیلئے بچیوں کو زیور تعلیم سے اراستہ کیا جانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابق وزیر صحت و بہبود آبادی پنجاب وچیئرمین قمر جہاں فاؤنڈیشن ڈاکٹر جمال ناصر نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین بی بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن (بقیہ نمبر 21)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی لیڈی پولیس افسران سے میٹنگ

میٹنگ میں لیڈی پولیس افسران کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کیے گئے

راولپنڈی (احمد صغیر سے) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے اقلیتوں سے تعلق رکھنے والی لیڈی پولیس افسران سے میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں لیڈی پولیس افسران کے مسائل سنے گئے اور حل کے لیے احکامات جاری کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف (بقیہ نمبر 22)

عبدالرحمٰن کانجو، اطہر قیوم ناہرہ کی قومی اسمبلی رکنیت بحال کردی

اسلام آباد (انٹرنیوز) الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ فیصلے کے بعد عبدالرحمٰن کانجو، اطہر قیوم ناہرا کی قومی اسمبلی رکنیت بحال کردی۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے تحریری فیصلے کے بعد این اے 154 لودھراں سے لیگی رہنماء عبدالرحمٰن کانجو، اے این 81 گوجرانوالہ سے اطہر قیوم ناہرا اور پی پی 13 سے ممبر پنجاب اسمبلی رانا محمد ارشد کی رکنیت بحال کرتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کردیئے ہیں۔

بلاول بھٹو بارے نازیبا زبان کا استعمال

شیخ رشید کیخلاف اخراج مقدمہ کا ہائیکورٹ فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (انٹرنیوز) حکومت سندھ نے بلاول بھٹو بارے نازیبا زبان کے استعمال پر شیخ رشید کیخلاف درج مقدمہ ختم کرنے کا اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو (بقیہ نمبر 23)

ایف پی سی سی آئی کے ریجنل چیئرمین ذکی اعجاز اور ایس ایم تنویر و دیگر کے ہمراہ 77 ویں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کے بعد جشن آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں

ترقی کا سفر سیاسی استحکام، پالیسیوں کے تسلسل کے بغیر ناممکن ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ترقی کا سفر سیاسی استحکام، پالیسیوں کے تسلسل کے بغیر ناممکن ہے، پاکستانی ذہین اور جفاکش قوم، نا امیدی پھیلانے والے ناکام ہوں گے، ہم بیروزگاری، مہنگائی کا خاتمہ کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ادارہ تحقیقات اسلامی کے زیر اہتمام فیصل (بقیہ نمبر 8)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035